# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ

## نوٹیفکیشن 02/2020

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جناب چیئرمین نے پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین سے زیر نمبر 553-SY/PBCC/LHR مورخہ 30-12-2019 آمدہ درج ذیل شیڈول بابت وصولی داخلہ فارمز مع فیس امتحان انٹرمیڈیٹ (پارٹ ون/ٹو) کو بورڈ کی متوقع منظوری کے تحت اپنانے کی منظوری فرمائی ہے۔ مذکورہ امتحان مورخہ **28-04-2020** سے شروع ہوگا۔

## شیڈول

| نمبر شمار | تصریحات | شیڈول |
|---|---|---|
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 06 جنوری 2020ء تا 30 جنوری 2020ء |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 31 جنوری 2020ء تا 10 فروری 2020ء |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کروانے کی تواریخ | 11 فروری 2020ء تا 17 فروری 2020ء |

## شرح فیس

| گروپ | داخلہ فیس انٹر (پارٹ I) | داخلہ فیس انٹر پارٹ (II) | انٹر کمپوزٹ داخلہ فیس | علوم شرقیہ |
|---|---|---|---|---|
| سائنس گروپ ریگولر | -/800 روپے | -/800 روپے | -/1600 روپے | -/900 روپے |
| آرٹس گروپ ریگولر | -/750 روپے | -/750 روپے | -/1500 روپے | |
| سائنس گروپ پرائیویٹ | -/900 روپے | -/900 روپے | -/1800 روپے | |
| آرٹس گروپ پرائیویٹ | -/800 روپے | -/800 روپے | -/1600 روپے | |

| | |
|---|---|
| سرٹیفکیٹ (سند) فیس ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کے لیے | -/550 روپے - مذکورہ فیس انٹر پارٹ ٹو/علوم شرقیہ کا امتحان دینے والے امیدواران کو صرف ایک مرتبہ داخلہ فیس کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔ |
| رجسٹریشن فیس | -/1000 روپے (مذکورہ فیس امتحان میں صرف پہلی بار شرکت کرنے پر وصول کی جائے گی) |
| پروسیسنگ فیس انٹر پارٹ ون وانٹر پارٹ ٹو گورنمنٹ/الحاق شدہ ادارے | =/395 روپے فی طالب علم |
| پروسیسنگ فیس/انٹر پارٹ ون وانٹر پارٹ ٹو پرائیویٹ امیدواران | =/395 روپے فی طالب علم |
| پروسیسنگ فیس علوم شرقیہ | =/395 روپے فی طالب علم |

**نوٹ:** ایسے امیدواران جو پارٹ ٹو میں شامل امتحان ہو چکے ہیں وہ صرف پارٹ ون کا نہ تو داخلہ فارم دوبارہ بھجوا سکتے ہیں اور نہ ہی امتحان دے سکتے ہیں۔

### اہم قواعد و ہدایات:

1. امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ ون، پارٹ ٹو (سالانہ) 2020ء کے لیے ریگولر امیدواران کا تمام تر Data بورڈ کی آفیشل Website (WWW.BISEGRW.EDU.PK) پر Upload کر دیا گیا ہے۔ ادارہ جات اپنے امیدواران کے داخلہ فارم پرنٹ کریں اور ان کو مکمل کر کے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق دفتر ہذا میں جمع کروائیں۔
2. ریگولر امیدواران انٹر پارٹ ون کے امتحان کے لیے داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس مبلغ -/395 روپے جبکہ پارٹ ٹو میں داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس -/395 روپے اور پرائیویٹ امیدواران انٹر پارٹ ون اور ٹو کے امتحان کی داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس مبلغ -/395 روپے بھی جمع کروائیں گے۔

جاری ہے----

3. ریگولر امیدواران جو انٹر پارٹ ون کے امتحان میں فیل ہونے کے بعد دوبارہ انٹر پارٹ ون میں Re-Admit ہوں وہ داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس مبلغ -/395 روپے بھی جمع کروائیں گے۔ جبکہ پرائیویٹ امیدواران جو دوبارہ انٹر پارٹ ون کا امتحان دے رہے ہیں وہ داخلہ فیس + رجسٹریشن فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ -/395 روپے بھی جمع کروائیں گے۔

4. ایسے ریگولر / پرائیویٹ امیدواران جنہوں نے انٹر پارٹ ون سالانہ 2019ء میں 33% سے کم نمبر حاصل کئے اور انٹر پارٹ ٹو کے ساتھ انٹر پارٹ ون کے ان مضامین کا بھی امتحان دے رہے ہیں تو انہیں انٹر پارٹ ون اور ٹو کی پروسیسنگ فیس مبلغ -/395 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ -/550 روپے کے علاوہ داخلہ فیس انٹر پارٹ ون بھی جمع کروانی ہوگی۔

5. ریگولر / پرائیویٹ امیدواران جو انٹر پارٹ ٹو کا امتحان دے رہے ہیں وہ پروسیسنگ فیس مبلغ -/395 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ -/550 روپے + داخلہ فیس جمع کروائیں گے۔

6. ایسے Re-appear امیدواران جو ایک یا دو فیل شدہ مضامین کا امتحان دے رہے ہیں جن کا پریکٹیکل نہیں ہے مگر اس سے پہلے وہ پریکٹیکل مضمون / مضامین پاس کر چکے ہیں تو انہیں سائنس گروپ کیٹگری میں داخلہ فیس جمع کروانا ہوگی۔

7. ریگولر داخلہ فارم دستی جمع کروانے کے لیے ادارہ فارورڈنگ لیٹر برائے شعبہ فنانس انکم کے ساتھ اصل بینک چالان منسلک کر کے مذکورہ سیکشن میں جمع کروا کر فارورڈنگ لیٹر برائے امتحانی برانچ پر وصولی کی رسید حاصل کر کے داخلہ فارم متعلقہ امتحانی برانچ میں جمع کروائیں۔ یاد رہے کہ ( ثبوت برائے جمع شدہ فیس ) فنانس برانچ کی طرف سے وصولی کی رسید دکھائے بغیر داخلہ فارم کسی بھی صورت امتحانی برانچ میں جمع نہیں ہوں گے۔

8. ریگولر داخلہ فارم بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک / کوریئر بھجوانے کی صورت میں ادارہ فارورڈنگ لیٹر برائے شعبہ فنانس انکم بمعہ اصل بینک چالان منسلک کر کے لفافہ بنام جناب ڈپٹی سیکرٹری فنانس BISE گوجرانوالہ کو ارسال کرے۔ اور داخلہ فارم بنام ڈپٹی / اسسٹنٹ کنٹرولر (انٹر) کو ارسال کریں۔

9. ریگولر و پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم اور فیس مقررہ تاریخ تک دفتر ہذا میں وصول ہونا لازمی ہے ۔

10. جمع شدہ فیس نا قابلِ واپسی ہے۔

11. پرائیویٹ امیدواران امتحانی داخلہ فیس اور داخلہ فارم (دونوں) مقررہ تاریخ تک صرف حبیب بنک کی نامزد کردہ برانچوں میں جمع کروائیں. بینک سے وصول کردہ چالان فارم ہی فیس و داخلہ فارم جمع کرانے کی رسید ہوگی۔

12. پہلی دفعہ پرائیویٹ امیدواران سائنس گروپ اور دیگر پریکٹیکل والے مضامین میں امتحان دینے کے اہل نہ ہوں گے۔

13. داخلہ فارم ہر لحاظ سے مکمل پر کرنے کے بعد حبیب بینک کی نامزد برانچوں میں اندریں شیڈول جمع کروائیں۔

14. امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ رش / لمبی قطاروں سے بچنے کے لیے اپنے داخلہ فارم بروقت آن لائن کرنے کے بعد امتحانی فیس کے ہمراہ حبیب بینک کی نامزد برانچوں میں جمع کروائیں۔ فیس چالان / داخلہ فارم جمع کروانے کی رسید ضرور حاصل کریں اور اسے اپنے پاس محفوظ رکھیں۔

15. کوئی ادارہ / امیدوار / امیدوارہ ایک سے زائد داخلہ فارم بھجوانے کا مجاز نہیں ہوگا۔ ڈبل داخلہ فارم بھیجنے اور بھجوانے والے کے خلاف بورڈ قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

16. سربراہ ادارہ جات سے اس امر کو یقینی بنانے کی درخواست ہے کہ وہ داخلہ فارم پر اصل امیدوار کے دستخط اور نشان انگوٹھا وغیرہ ہی ثبت کروائیں۔ تصدیق کے بعد غلط ثابت ہونے پر سربراہ اداہ ذمہ دار ہوگا۔

17. سربراہ ادارہ جات سے اس امر کو یقینی بنانے کی بھی درخواست ہے کہ وہ فون نمبر / موبائل فون نمبر کے کالم میں امیدوار کا فون نمبر یا اس کے والد / گارڈین کا فون نمبر ہی درج کریں۔

18. درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

۔دستخط۔

**(پروفیسر ناصر محمود اعوان)**

کنٹرولر امتحانات

**کاپی رائے اطلاع:**

1. جملہ سیکرٹریز انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈز، پاکستان
2. جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز)، گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ
3. جملہ سربراہانِ تعلیمی ادارہ جات (کالجز، ہائیر سیکنڈری سکولز) ملحقہ بورڈ
4. جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ
5. جناب مینجر، حبیب بینک لمیٹڈ، بورڈ کیمپس اور دوسری برانچز کیلئے 50 کاپیاں
6. سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)
7. داخلی تقسیم

**(محمد اشفاق عالم)**

اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)

مورخہ: 04-01-2020